صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے کہا ہے کہ نرسیں اور مڈوائفیں ملک بھر میں صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بہت اہم کردار ادا کررہی ہیں اس لئے حکومت صحت کی دیکھ بھال کے نظام میننرسوں کو بھی ڈاکٹروں کے برابر شراکت دارتسلیم کرنے کے لئے ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہا ر انہوں نے آغا خان یونیورسٹی کے تحت نرسوں اور مڈوائفوں کے عالمی دن پر منعقدہ تقریب سے بحثیت مہمان خصوصی خطاب کے دوران کیا۔آغا خان یونیورسٹی میں نرسوں اور مڈوائفوں کا عالمی دن منایا گیا جس میں شعبہ نرسنگ سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے 2019 کو نرسنگ کا سال قرار دیا ہے اور حکومت صحت کی دیکھ بھال اورخواتین کے میناں کے کردار کو حقوق کے فروغ میں نرسوں اور مڈوائفوں کے کردار کو تسلیم کرتے ہوئے صحت کی پالیسی سازی بڑھانے کی کوششیں کر رہی ہے ۔ صوبائی وزیر صحت نے اس موقع پراسٹیک ہولڈز کو ہدایت کی کہ ہیلتھ کیئر سسٹم میں نرسوں کےاثر کو مضبوط بنانے کےلئے انہیں سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے ۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر نرسنگ سندھ شبیر حسین جھتیال نے ملک میں نرسوں کے کردار اور تشخص کو اجاگر کرنے میں نرسنگ اسکولوں، اسپتالوں اورریگولیٹری اداروں کے درمیان اہم شراکت داری پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں نرسنگ ایک بہترین پروفیشن کے طور پر ابھر کر سامنے آرہا ہے ۔ ہم نرسوں اور مڈوائفوں کے کام کرنے کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں تاکہ وہ صحت کی بہترین اور معیاری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنا سکیں ۔ ان کا مذید کہنا تھا کہ شعبہ نرسنگ میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے ، نرسوں کی تعداد بڑھانے اور مذید نرسوں کی بھرتیوں کے علاوہ تحقیق، مناسب تربیت اور پریکٹس کے معیار کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دینا ہوگی۔آغا خان یونیورسٹی کے اسکول آف نرسنگ اینڈ مڈوائفری کے ڈین اور پاکستان چیپٹر آف نرسنگ ناؤ کے رکن ڈاکٹر ڈیوڈ آرتھر نے کہا کہ نرسوں کے پاس اب کیئریئر کے مختلف مواقع ہیں ۔ آج نرسوں کو ہیلتھ کیئرمیں کام کرنے کے علاوہ معلم، محقق اور مشیر کے طو ر پر بھی دیکھا جاسکتا ہے ۔ نرسیں مختلف کلینیکل ایریاز میں اسپیشیلائزیشن کرنے کی بھی خواہاں ہیں جو مریضوں کی دیکھ بھال اور صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں ان کےمرکزی کردار کومذید اجاگر کرتاہے ۔ سونم کی سینئر انسٹرکٹر لیلیٰ کثوم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چند دہائیوں میں نرسوں نےطویل راستہ طے کیا ہے اور آج وہ کلینیکل اور تدریسی شعبے میں مرکزی عہدوں پر براجمان ہیں جبکہ نرسیں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے مقاصد کے تحت اہداف حاصل کرنے کے لئے حکومت کی کوششوں کی حمایت کے لئے بھی تیار ہیں۔اس موقع پر نرسوں اور مڈائفوں کو صحت کے سرکاری و نجی اداروں میں درپیش چیلینجز پر پینل ڈسکشن کا بھی انعقاد کیا گیا۔ پینا لسٹس نے شعبہ نرسنگ کے لئے مختص بجٹ کو بڑھانے اورنرسوں اور مڈائفوں کی خدمات کو تسلیم کرنے کے لئے مزید ٹھوس اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔